وبال جان بن جاتی ہے۔اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ﴿فویل للمصلین ۞ الذین ھم عن صلاتھم ساھون ۞ الذین ھم یراءون ویمنعون الماعون﴾ (الماعون:٤۔٧) ''ان نمازیوں کو (قیامت کے دن) خرابی ہوگی جو اپنی نماز سے غفلت برتتے ہیں، وہ جو (نماز پڑھ کر یا نیک عمل کر کے لوگوں کو) دکھلاوا کرتے ہیں اور روزمرہ کے برتنے کا سامان مانگے نہیں دیتے''۔ (جاری ہے)

❋❋❋❋❋

اقوال زرین

1۔ زندگی ایک ہیرا ہے، جسے تراشنا انسان کا کام ہے۔
2۔ جو لوگ آپ سے زیادہ علم رکھتے ہوں ان سے حاصل کرو اور جو نادان ہوں ان کو اپنا علم سکھاؤ۔
3۔ دنیا کا سب سے زیادہ امیر و مطمئن شخص وہ ہے جس کے دل میں علم زیادہ ہے۔
4۔ دنیا میں وہ لوگ سربلند رہتے ہیں جو تکبر اور غرور کے تاج کو دور پھینک دیتے ہیں۔
5۔ مظلوم کی آہ سے ڈر، کیونکہ اس کے اور اللہ کے درمیان کوئی پردہ نہیں۔
6۔ اگر تو گناہ پر آمادہ ہے تو ایسی جگہ تلاش کر جہاں اللہ نہ ہو۔
7۔ توکل کرنا پرندوں سے سیکھیے، جب وہ شام کو اپنے گھونسلے میں آتے ہیں تو کسی کے چونچ میں دوسرے دن کیلئے دانہ نہیں ہوتا۔
8۔ کم بولنا حکمت ہے، کم کھانا صحت ہے اور کم سونا مؤمن کے لئے عبادت ہے۔
10۔ انسان بیماری کے ڈر سے کھانا تو ترک کرتا ہے، لیکن اللہ کے ڈر سے گناہ ترک نہیں کرتا۔
11۔ خدا ہر پرند کو رزق دیتا ہے، لیکن اس کے گھونسلے میں نہیں ڈالتا، بلکہ خود پرندے کو محنت کرنا پڑتی ہے۔
12۔ جو اچھی بات سنو لکھ لو اور جو لکھو اسے یاد کرو جو یاد کرو اسے بیان کرو۔
13۔ اگر دنیا میں کچھ بننے کا جذبہ ہے تو ہمت مت ہارو۔
14۔ دوسروں کی برائی بیان کرنے سے پہلے سوچ لو کہیں تمہاری برائی نہ ہو۔
15۔ اپنے چہرے کو خوبصورت بنانے کی بجائے اپنے کردار کو خوبصورت بناؤ، کیونکہ خوبصورتی ختم ہوجاتی ہے لیکن سیرت قبر تک جاتی ہے۔

(احمد علی آصف۔ ٹیچر لاثر پبلک سکول غواڑی)